الملک لله

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۵	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۲ھ مطابق ۴ فروری سنہ ۱۹۲۴ع	جلد ۳۶

فہرست مضامین

خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
تصفیہ مقدمات بعلاقہ جدید	۱ و ۲
تقرر سید علی اطہر صاحب	،،
تقرر غلام معین الدین خان	۳
تقرر محمد عظمت الله خان	،،
رخصت علاقہ دار سوار	،،
رخصت محمود حسن اسسٹنٹ ہیڈ کلرک	،،
تقرر منشی حمید الله	،،
رخصت محمد یحییٰ سب انسپکٹر پولیس	،،
اضافہ اہلمد انجاری	،،
اعلان علمی ذخیرہ	،،
	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم ورقعہ ۲۷ جنوری سنہ ۱۹۲۴ع

علاقہ جدید ریاست ہذا مین مال کے مقدمات معاملات کا تصفیہ بموجب ایکٹ ۲ و ۳ سنہ ۱۹۰۱ع ہوتا ہے۔ اس لئے ضرورت ہے کہ تعلق ایکٹ ۲ و ۳ سنہ ۱۹۰۱ع حکام مال ریاست ہذا کے مدارج مطابق درجات مصرحہ ایکٹ ہاے مذکور قایم کردئے جائین۔ لہذا حسب ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہین۔

(۱) بہ تعلق ایکٹ ۲ سنہ ۱۹۰۱ء و ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو - درجہ بورڈ مال کا -
ناظم صاحبان کو (معہ دست حاکم صاحبان) - درجہ کمشنر کا -
مہتمم صاحب بندوبست کو - درجہ کلکٹر کا -
ہر تحصیلدار کو - درجہ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کا

حاصل ہوگا -

(۲) جملہ حکام متذکرہ صدر کو وہ کل اختیارات اپنے اپنے درجہ کے اعتبار سے حاصل ہونگے جو ایکٹ ۲ و ۳ سنہ ۱۹۰۱ء میں ان درجات حکام کے لئے مقرر کئے گئے ہیں لیکن

(الف) مہتمم صاحب بندوبست کو بحیثیت کلکٹر حسب باب ۸ دفعات ۱۴۱ لغایت ۱۸۸ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء کوئی کارروائی کرنیکا اختیار نہو گا -

(ب) نالشات دفعات ۴۰ و ۴۲ و ۴۳ و ۴۸ و ۴۹ و ۹۴ و ۹۵ و ۹۶ و $\frac{۱۵۰}{۱۵۴}$ و $\frac{۱۵۰}{۱۵۶}$ و $\frac{۱۵۰}{۱۵۸}$ و درخواست حسب دفعہ ۱۸۵ ایکٹ ۲ سنہ ۱۹۰۱ء کی سماعت و فیصلہ کا اختیار اسسٹنٹ کلکٹر کو نہو گا - بلکہ درخواست دفعہ ۱۸۵ مذکور عدالت صاحب ریونیو سکریٹری بہادر (بورڈ مال) میں پیش ہونگی - اور وہی اُنکا فیصلہ کرینگے - اور نالشات متذکرہ صدر عدالت کلکٹر میں دائر ہونگی - اور کلکٹر ہی کو اُنکی سماعت و فیصلہ کا اختیار ہوگا -

(ج) جو کارروائی حسب دفعات ۲۳ و ۲۴ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء مہتمم صاحب بندوبست بحیثیت کلکٹر کرینگے اُسکا نفاذ مشروط بمنظوری صاحب ریونیو سکریٹری بہادر (بورڈ مال) ہوگا -

(د) کارروائی انتقال مقدمات حسب دفعات ۱۸۸ لغایت ۱۹۱ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء و حسب دفعات ۱۹۱ و ۱۹۲ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء ناظم صاحبان (یا معہ دست حاکم صاحبان) بحیثیت کمشنر و مہتمم صاحب بندوبست) بحیثیت کلکٹر کرینگے - اُنکے حکم کا نفاذ مشروط بمنظوری صاحب ریونیو سکریٹری بہادر (بورڈ مال) ہوگا -

۳ - نالشات حرف الف فہرست چہارم و درخواست حرف ز فہرست چہارم ایکٹ ۲ سنہ ۱۹۰۱ء جنکے سماعت کا اختیار حسب دفعہ ۱۸۱ ایکٹ مذکور اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم کو دیا گیا ہے اگرچہ اُنکا فیصلہ حسب روبکار ہذا اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کریگا مگر اغراض اپیل کے لئے یہ سمجھا جائیگا کہ نالشات و درخواست ہائے اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوم کے فیصلے کئی ہوئی ہیں

(۴) اس روبکار کا نفاذ یکم فروری سنہ ۱۹۲۲ء سے ہوگا -

(۵) تاریخ نفاذ روبکار ہذا سے کوئی نالش یا اپیل یا درخواست خلاف احکام روبکار ہذا کسی عدالت میں پیش نہو سکیگی

(۶) جو نالشیں یا اپیلیں یا درخواستیں یکم فروری سنہ ۱۹۲۲ء سے قبل کسی عدالت میں بخلاف احکام روبکار ہذا دائر ہو چکی ہیں اور اُنکی کارروائی شروع ہو گئی ہے تو وہی عدالتیں جن میں وہ اپیل یا نالشیں یا درخواست دائر ہیں اُنکا فیصلہ کرینگے اور واسطے اغراض اپیل و نگرانی کے نالشات و اپیل و درخواست ہائے مذکورہ کی نسبت سمجھا جائیگا کہ وہ اُس عدالت کے منفصلہ ہیں جسکو حسب احکام روبکار ہذا ایسے نالشات و اپیل و درخواستوں کے فیصلہ کرنیکا اختیار ہے -

(۷) جو نالشیں یا اپیلیں یا درخواست یکم فروری سنہ ۱۹۲۲ء سے قبل کسی عدالت میں بخلاف احکام روبکار ہذا دائر ہو چکی ہیں اور اُنکی کارروائی شروع نہیں ہوئی ہے وہ فوراً اُس عدالت کو منتقل کر دیے جاوینگے جو حسب احکام روبکار ہذا ایسی نالشوں یا اپیلوں یا درخواستوں کی سماعت و فیصلہ کے مجاز ہیں

حکم ہذا اصل مثل میں رہے نقل درج گزٹ ہو - صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو بھی اطلاع دیجائے - احکام جاری ہوں - دستخط سررشتہ دار صدر

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر - سید علی اظہر کا تقرر بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار بعہدہ نائب سپرنٹنڈنٹ محکمہ جنگی منظور فرمایا گیا -

تقرر

۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ محمد غلام معین الدین خان کا تقرر بعہدہ محافظ دفتر چنگی و میونسپلٹی بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار ۲۱ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور فرمایا گیا۔

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ محمد عظمت اللہ خان کا تقرر بعہدہ انسپکٹر مذبح بشاہرہ بیس روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر ۔ منشی عظیم اللہ نائب علاقہ دار سوار کی رخصت ایک ماہ ۲۸ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء سے ۲۷ فروری تک بوضع تنخواہ منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت

۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

منشی محمود الحسن اسسٹنٹ ہیڈ کلرک ہوم آفس کی رخصت ۱۲ یوم ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء سے منظور ہوئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب یونیو سکریٹری بہادر

تقرر

۲۷ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس ۔ منشی حبیب اللہ پسر منشی نسیم اللہ سب انسپکٹر متوفی کا تقرر بشاہرہ پچیس روپیہ ماہوار (جو فرزند جناب صاحب ہوم سکریٹری بہادر میں بشاہرہ تیس روپیہ ماہوار ملازم تھا) بجائے محی الدین خان ہیڈ کانسٹبل ترقی یافتہ منظور ہوا۔

رخصت

۲ فروری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب نشاء حکم بندگان عالی حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم ۔ شبیر حسین سب انسپکٹر پولیس کی مزید رخصت دس یوم منظور ہوئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت و تجارت

اضافہ

۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۴ء

حسب رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری ۔ رام سروپ اہلمد آبکاری کی تنخواہ موجودہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہم کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں۔ ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے جو اس نادر موقع سے مستفید ہونا فائدہ اٹھائے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھئے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ آنے

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمیں خداوند عالم وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ آنے ہے۔ جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست بنام صاحب کتب خانہ کی خدمت میں ارسال کیجئے۔

ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۹ جنوری سنہ ۱۹۲۳ء لغایت ۴ فروری سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۰ ر		۷ ر			۷ ۰ ر	
نخود خالص	۱۲ ۰ ۰ ر		۱۵ ۰ ر			۱۴ ۰ ر	
نخود کسنہ آمیز	۱۵ ۰ ر		۱۶ ۰ ر			۱۵ ۰ ر	
کسنہ	۱۵ ۰ ر		۱۶ ۰ ۰ ر			۱۶ ۰ ر	
ماش	۱۰ ۰ ر		۱۰ ۰ ۰ ر			۹ ۰ ر	
مونگ	۱۰ ۰ ر		۱۱ ۰ ر			۹ ۰ ر	
مکا	۱۳ ۰ ر		۱۳ ۰ ر			۱۴ ۰ ر	
جئی	۱۶ ۰ ر		۰			۱۶ ۰ ر	
گوجئی	۰		۰			۱۳ ۰ ر	
عدس	۱۲		۱۲ ۰ ۰ ر			۱۲ ۰ ر	
ارہر	۰		۰			۱۳ ۰ ۰	
برنج	۵ ۰ ۰ ر		۵ ۰ ۰ ر			۵ ۰ ۰ ر	
روغن زرد	۵ ۰ چھٹانک		۵ چھٹانک			۰ ۰ ر	
روغن سیاہ	۱ ۰ ۱۰ ۰ ر		۱ ۰ ۰ ر			۱ ۰ ۰ ر	
روغن کنجد	۱ ۰ ۰ ر		۰			۱ ۰ ۰ ر	
نمک سانبھر	۵ ۰ ۰ ر		۵ ۰ ر			۷ ۰ ر	
نمک لاہوری	۶ ۰ ر		۶ ۰ ر			۷ ۰ ر	
قند سیاہ	۸ ۰ ر		۷ ۰ ر			۵ ۰ ر ۹ ۰ ر	
باجرہ	۱۱ ۰ ر		۱۱ ۰ ر			۱۱ ۰ ر	

مطبوعہ پریس سرکاری ریاست رامپور